1190-کسی دوسرے شخص کی داڑھی مونڈنے کا حکم

سوال

میں اسلامی احکام پر عمل کرنے والا ایک مسلمان شخص ہوں اورداڑھی رکھی ہوئی ہے، اورایک باربرشاپ کا مالک ہوں، جہاں صرف مردوں کے بال بنائے جاتے ہیں، میرا پیشہ یہی ہے، اوراس پیشے میں گاہکوں کی داڑھیاں بھی مونڈتا، اورگاہکوں کے بالوں کے لیے ڈرائی کے لیے ڈرائیر استعمال کرتا ہوں، لہذا اس کا دینی حکم کیا ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

اول :

پہلی بات تو یہ ہے کہ مسلمان کے لیے ڈاڑھی مونڈنا حرام ہے، اس کی حرمت پر بہت سے صحیح دلائل پائے جاتے ہیں، اورکسی دوسرے کے لیے بھی اس کی ڈاڑھی مونڈنا حرام ہے، کیونکہ ایسا کرنے میں گناہ و معصیت اور ظلم وزیادتی میں معاونت ہے، حالانکہ اللہ تعالی نے اس سے منع کرتے ہوئے فرمایا ہے :

.{اور تم گناہ و معصیت اور ظلم وزیادتی میں ایک دوسرے کا تعاون مت کرو}. .

دوم :

آپ کے لیے مردوں کے بالوں کو کنگھی کرنا، اورانہیں تیل اور خوشبو لگانا اور بنانا سنوارنا تو جائز ہے، لیکن آپ غیر محرم عورتوں کے بالوں کے ساتھ ایسا نہیں کرسکتے.